شرائط وضوابط برائے کوٹیشن دہندگان (انتظامات برائے ایک روزہ تربیتی کورسز)

تربیتی اِدارہ برائے اصلاح آبپاشی کوPRIAT,CAD-JIP,NPIW-IIودیگر ترقیاتی منصوبوں کے تحت پنجاب کے مختلف اضلاع میں تحصیل کی سطح پر ایک روزہ تربیتی کورسز /فارمرزڈے برائے مالی سال 2023-24 کے لیےسیلز ٹیکس، پنجاب سیلز ٹیکس، اِنکم ٹیکس اور پنجاب فوڈ اتھارٹی سے رجسٹرڈ ٹھیکیداران/کیٹرنگ/پکوان سروسزوالوں سے Punjab Procurement Rules, 2014 کی شق نمبر38(1)"سنگل سٹیج ون اینویلوپ پروسیجر" کے تحت کوٹیشنز درکار ہیں۔ یہ کوٹیشن درج ذیل شرائط پر وصول کی جائیں گی۔

۱۔ شرکاء تربیتی کورس کو کھانا منظورشدہ مینیو کے تحت دینا ہوگا جو کہ چکن قورمہ ونان/ بریانی وسلاد، پانی اور کولڈ ڈرنک رچائے ہوگا۔ شرکاء کی تعداد تقریباً 30 سے 40 (کمی بیشی کے ساتھ) افراد فی کورس ہوگی۔ کوٹیشن اور سیل بند لفافہ دونوں پر " کوٹیشن برائے انتظامات فارمرز ڈے/ایک روزہ تربیتی کورسز" لکھا ہونا لازمی ہے۔ بصورت دیگر کوٹیشن نامکمل تصور ہوگی۔

۲۔ کوٹیشن کے ساتھ پیشگی زرضمانت مبلغ 300,000 روپے کا کال ڈیپازٹ (CDR) بنام ڈائریکٹر واٹر مینجمنٹ ٹریننگ اِنسٹی ٹیوٹ، پنجاب، لاہور لف کرنا ہوگا جو کہ معاہدہ کی تکمیل کے بعد قابلِ واپسی ہوگا۔ مزید برآں کال ڈیپازٹ کے بغیر کوٹیشن کسی بھی صورت قابلِ قبول نہ ہوگی۔

۳۔ معاہدے پر عمل پیراء نہ ہونے کی صورت میں کال ڈیپازٹ کی رقم ضبط کرلی جائے گی او رقانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی جس کے لیے کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

۴۔ کوٹیشن دہندہ کھانے کے ساتھ کیٹرنگ وغیرہ (جس میں درجہ اول میلامائن کراکری، سٹیج، شامیانے، کرسیاں، ٹیبل وغیرہ) کے انتظامات کرے گا۔

۵۔ کوٹیشن دہندہ گیس کے انتظامات کا خود ذمہ دار ہوگا۔

۶۔ کوٹیشن دہندہ کورسز کے دوران اپنی ٹیم اور میس لوازمات کی ترسیل کے لیے ٹرانسپورٹ کا خود ذمہ دار ہوگا۔

۷۔ کوٹیشن دہندہ جامع صفائی کا خود ذمہ دار ہوگا اور صفائی کے معاملے میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

۸۔ کوٹیشن دہندہ کام کرنیوالے ورکرز کے مکمل کوائف بمعہ میڈیکل سرٹیفکیٹ جمع کروانے کا پابند ہوگا اور بغیر اجازت ورکرز میں ردوبدل کا مجاز نہ ہوگا۔

۹۔ کوٹیشن دہندہ میس سٹاف کے صاف ستھرے لباس، تراشے ناخن وبال کا خود ذمہ دار ہوگا۔

۱۰۔ کوٹیشن کے ساتھ تمام ٹیکس دستاویزات کا جمع کروانا ضروری ہے۔ جن میں اِنکم ٹیکس، سیلز ٹیکس سرٹیفکیٹ شامل ہیں۔ مزید برآں ٹیکس دہندہ کا100 ٹیکس دہندگان کی لسٹ میں شامل ہونا لازمی ہے۔

۱۱۔ کوئی بھی سرکاری ملازم بالواسطہ یا بلاواسطہ کوٹیشن دینے کا مجاز نہ ہوگا اور کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں پیڈا ایکٹ کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائی گی اور کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

۱۲۔ کھانے اور صفائی کا معیار فوڈ اتھارٹی کے عین مطابق ہونا چاہیے اور کسی بھی کوتاہی کی صورت میں کوٹیشن دہندہ خود ذمہ دار ہوگا۔

۱۳۔ اِدارہ ہذا کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ ضرورت کے مطابق کورسز کی تعداد میں کسی بھی وقت کمی و بیشی کردے۔

۱۴۔ کوٹیشن منظور ہونے کی صورت میں کوٹیشن دہندہ زیرِ دستخطی کے ساتھ ایک معاہدہ کرے گا۔

۱۵۔ کمیٹی کو اختیار ہے کہ پیپرا قوانین 2014 کے تحت تمام کوٹیشنز مسترد کردے۔

۱۶۔ کوٹیشن میں تمام مروجہ ٹیکسز شامل ہوں گے جس کی تفصیل دفتر ہذا کی اکاؤنٹس برانچ سے معلوم کی جاسکتی ہے۔

۱۷۔ کوٹیشنز اشتہار کی اشاعت میں دیئے گئے وقت (06 جولائی 2023ء بروز جمعرات صبح 10:00 بجے) تک دفتر ہذا کو دفتری ایام کار (پیر تا جمعہ) جمع کروائی جاسکتی ہیں جو اسی دن صبح 11:00 بجے تمام کمیٹی ممبران اور کوٹیشن دہندگان/نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔

ناظم

تربیتی اِدارہ۔ اِصلاح آبپاشی

پنجاب، ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور